ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(91)

08.02.2023

**بہاولپور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں، ضلعی پولیس نے ماہ فروری کے پہلے 07 روز میں مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں کھڑے کر کے 01 کلو گرام سے زائد چرس، 474 لیٹر سے زائد شراب و25 لیٹر لہن معہ 01 چالو بھٹی اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا، مقدمات درج۔ معاشرتی امن کو برقرار رکھنے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے وژن کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر بہاولپور پولیس سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ بہاولپور پولیس نے جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات اور جانفشانی سے کام کرتے ہوئے ماہ فروری کے پہلے 07 روز میں سماج دشمن عناصر، مجرمان اشتہاری، عدالتی مفروران کے علاوہ درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا۔ مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کیٹگری اے کا کوئی بھی ملزم گرفتار نہیں ہوا اور بی کے 43 مجرمان اشتہاری کو بھی گرفتار کر لیا۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کے دوران ملزمان سے 01 کلو 830 گرام چرس، 474 لیٹر دیسی شراب، 25 لیٹر لہن اور 01 چالو بھٹی برآمد کر لیں۔ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان سے 14 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد ریوالور 32 بور، 01 عدد ریپیٹر 12 بور اور درجنوں رونود برآمد کر لیے۔ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج بھی کر لیے۔ ڈی پی او نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کمیونٹی پولیسنگ اور سروسز کے ساتھ ساتھ پولیس کی اولین ڈیوٹی جرائم کا خاتمہ بھی ہے اور بہاولپور کو کرائم فری و پرامن بنانے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آپ عوام کی خدمت اور حفاظت کو اولین فرض سمجھ کر نبھائیں، میں ہر قدم پر اپنی فورس، بہاولپور کی عوام کے ساتھ شانہ بشانہ ہوں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، ماہ فروری کے پہلے 07 روز میں مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر لیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (92)

08-02-2023

**بہاول پور (        ) بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو میعاری سروسز کی فراہمی کا سلسلہ مزید وسیع کر دیا گیا۔ڈی ایس پی نوید اکرام شہید ڈرائیونگ اسکول خیر پور ٹامیوالی کے مارننگ وایوننگ موٹر سائیکل / موٹر کار کے علاوہ  ایل ٹی وی بیج نمبر 03 کی ٹریننگ مکمل اور چوتھے بیچ کی ٹریننگ جاری ہے۔ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع یا افراد ہمیشہ کے لیے معذور ہو جاتے ہیں،اسکول میں مہلک حادثات سے بچاؤ کے حوالے سے بہترین تربیت اور شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جاتی ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت / ٹریفک سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لیے ڈی ایس پی نوید اکرام شہید ڈرائیونگ اسکول خیر پور ٹامیوالی کام کر رہا ہے۔ جہاں پر صبح وشام دو شفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹر سائیکل / موٹر کار کے علاوہ LTV کی بہترین تربیت دی جا رہی ہے۔اس سلسلہ میں LTV کے بیچ نمبر 03 کی  ٹریننگ مکمل، 09 کامیاب سٹوڈنٹس کی ٹریننگ مکمل کرنے پر اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے اور اب تک کل 34 کامیاب سٹوڈنٹس کی ٹریننگ مکمل کرنے پر اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔ڈرائیونگ اسکول کے اسٹاف نے بہترین انداز میں اسٹوڈنٹس کو ڈرائیونگ کی تربیت دی، دو ہفتے کی ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو ٹریننگ اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڑز پر پیشہ ور انسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت ان کے اعتماد میں اضافہ ہو۔کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹینس ، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری و اچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں۔ جبکہ کورس کے اختتام پر نمایاں کارکردگی کے حامل اسٹوڈنٹس کو ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر عباس اختر نے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جا رہا ہے، آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنر اور لائسنس کے لیے اپلائی / جاری کیے جاتے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی وکم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں، مہلک حادثات سے بچاؤ کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت وشہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جا رہی ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈی ایس پی نوید اکرام شہید ڈرائیونگ اسکول خیر پور ٹامیوالی میں ایل ٹی وی بیج نمبر 03 کی ٹریننگ مکمل، 09 اسٹوڈنٹس کو اچیومنٹس سرٹیفکیٹ دیئے گئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (93)

08-02-2023

**بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر پر قابو پانے کے لئے تکنیکی بنیادوں پر بھی متحرک، سمارٹ پولیسنگ اور آن لائن سسٹم کا بھرپور استعمال، ماہ جنوری 2023 میں 504 سے زائد پرائیویٹ ملازمین اور 2343 کرایہ داران کا اندراج کیا گیا۔ڈی پی او سید محمد عباس کے حکم پر رہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں میں کام کرنے والے پرائیویٹ ملازمین کی رجسٹریشن مہم جاری، شہریوں کی حفاظت اور کرائم کنٹرول میں سول سوسائٹی کا پولیس کے ساتھ تعاون نہایت ضروری ہے، اپنی رہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں پر پرائیویٹ ملازم رکھنے سے پہلے قریبی تھانے میں رجسٹریشن لازمی کروائیں تاکہ عوام الناس کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے ڈی پی او سید محمد عباس۔**

بہاولپور () تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کی طرف سے انسداد جرائیم مہم اور عوام الناس کو تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے کاوشیں تیز کردی گئیں ۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر ماہ جنوری میں 504 سے زائد پرائیوٹ ملازمین اور 2343 کرایہ داران کا اندراج کیا گیا۔ جس میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔ڈی پی او بہاولپور نے شہریوں سے درخواست کی ہے کہ مکان کی کرایہ داری اور اپنی ہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں پر ملازم رکھنے سے پہلے قریبی تھانے میں رجسٹریشن لازمی کروائیں تاکہ عوام الناس کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ افراد اور شر پسند عناصر ایک شہر سے دوسرے شہر جرم کی نیت سے جاتے ہیں یا پھر مختلف مقدمات میں مطلوب افراد اپنے آپ کو چھپانے کیلئے ہوٹلز، سرائے یا مکان کرائے پر لیکر پناہ اختیار کرتے ہیں۔علاوہ ازیں عوام الناس کی رہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں پر کام کرنے والے پرائیویٹ ملازمین بھی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہوسکتے ہیں۔قیام امن اور انسداد جرائم کے سلسلہ میں رہائش گاہوں، کاروباری مراکز اور فیکٹریوں پر کام کرنے والے پرائیویٹ ملازمین کی رجسٹریشن انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔شہریوں کی حفاظت اور کرائم کنٹرول میں سول سوسائٹی کا پولیس کے ساتھ تعاون نہایت ضروری ہے۔غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے شہری ضلع کا امن خراب کرنے اور دوسرے شہریوں کی زندگی بھی خطرے میں ڈال سکتے ہیں۔انسداد جرائم مہم کے تحت بہاولپور پولیس انتہائی تندہی سے کاوشوں میں مصروف عمل ہے۔جس میں مستقبل میں مزید تیزی لائی جائے گی۔تاکہ ضلع بہاولپور کو امن کا گہوارہ اور عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔ڈی پی او نے اس موقع پر کہا کہ معاشرے میں قانون کی بالادستی کو برقرار رکھتے ہوئے شہریوں کو سروس ڈیلوری کی باآسانی فراہمی اور جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع پنجاب پولیس کا نصب العین ہے افسران جدید اور عوام دوست پولیسنگ کے ساتھ بھرپور انسدادی کاروائیوں سے معاشرے میں احساس تحفظ کی فضا کو فروغ دیں۔

ترجمان پولیس بہاولپور



**سمارٹ پولیسنگ اور آن لائن سسٹم کا بھرپور استعمال، ماہ جنوری 2023 میں 504 سے زائد پرائیویٹ ملازمین اور 2343 کرایہ داران کا اندراج کیا گیا**